© rasailojaraid.com



# بیع الغرر

جسٹس ڈاکٹر مفتی سید شجاعت علی قادری

غرر کی تعریف

**قال الامام السرخسی الحنفی :الغرر مایکون مستور العاقبه (۱)**

ترجمہ: امام سرخسی حنفیؒ نے فرمایا غرر وہ ہے جس کا انجام پوشیدہ ہو۔

**قال القرافی المالکی: الغرر هو الذی لایدری هل یحصل ام لا (۲)**

ترجمہ: امام قرافی مالکیؒ فرماتے ہیں غرر وہ ہے جس کا ملنا یا نہ ملنا معلوم نہ ہو۔

**قال الشیرازی الشافعی: الغرر: ماانطوی عنه امره وخفی علیه عاقبه (۳)**

ترجمہ: شیرازی شافعیؒ فرماتے ہیں غرر سے مراد وہ ہے جس کا معاملہ الجھا ہوا اور جس کا انجام پوشیدہ ہو۔

**قال ابن تیمیه: الغرر: هو مجهول العاقبه (۴)**

ترجمہ: امام ابن تیمیہؒ نے فرمایا غرر وہ ہے، جس کا انجام نا معلوم ہو۔

**قال ابن القیم: هو مالایقدر علی تسلیمه**

ترجمہ: ابن قیم جوزیہؒ کی رائے میں غرر وہ ہے، جس کی سپردگی ناممکن ہو۔

**قال ابن حزم الغرر مالایدری المشتری مااشتری او البائع ماباع (۵)**

ترجمہ: ابن حزمؒ نے فرمایا غرر وہ ہے، جس کے خریدار کو نہ معلوم ہو کہ اس نے کیا خریدا اور جس کے فروخت کنندہ کو نہ معلوم ہو کہ اس نے کیا فروخت کیا۔

ان سب تعاریف میں ایک بات مشترک ہے کہ بیع میں غرر ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ وہاں ایسا خطرہ موجود ہو کہ شاید ہو یا شاید نہ ہو۔ ان سب تعریفوں میں سے راجح اور بہتر تعریف علامہ سرخسی کی ہے۔ اور اس بات پر فقہاء کرام کا اتفاق ہے کہ بیع الغرر درست نہیں ہے۔ ایسی بیوع جو غرر کی وجہ سے غیر صحیح ہو جاتی ہیں ان کی مثالیں بے شمار ہیں ۔ ہر وہ بیع جو مجہول الذات یا مقدار ہو، ناجائز ہے

☆اعتنی بنظافة ثوبك وحسن رائحتك وترتیب مظهرك مع السواك والطیب. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۔مثلاً:۔

(الف) بیع المضامین

(ب) بیع الملامسہ

(ج) بیع المنابذۃ

(د) بیع الحصاۃ یعنی بیع کی قیمت وصول کر کے کسی چیز پر پتھر یا تیر پھینکنا جس کو بھی لگے وہ تمہارا ہے۔

(ہ) بیع ضربۃ الغائص اوضربۃ الغواص غوطہ زن کی بیع کہ اس کے ایک غوطہ یا چند غوطوں میں جو ہاتھ لگے وہ فروخت کرے گا۔

(د) بیع مذابنہ یعنی پھل کو درختوں پر فروخت کرنا۔

(ر) بیع المحاقلہ یعنی گندم کو خوشوں میں فروخت کر دینا۔

**نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن المزابنة والمحاقلة(۶)**

ترجمہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے درختوں پر پھل یا خوشوں میں گندم کی فروخت سے منع فرمایا۔

**عن ابى هريرة رضى الله عنه ان النبى صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الثمر ورخص فى العرايا(۷)**

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کو پھل سے فروخت سے منع فرمایا، البتہ عرایا کی آپ نے اجازت فرمائی۔

**عن ابن مسعود ان النبى صلى الله عليه وسلم قال لاتشتروا السمك فى الماء فانه غرور.(۸)**

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی میں مچھلی کو مت خریدو کیونکہ یہ دھوکہ ہے۔

**بيع النجس والمتنجس**

مال غیر متقوم کی بیع مثلاً خمر، خنزیر، خون، کتے، جسم فروشی اور حلوان الکاھن وغیرہ حرام ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت، زنا کا معاوضہ اور کاہن کی اجرت سے منع فرمایا۔

**عن ابن مسعود رضى الله عنه نهى النبى صلى الله عليه وسلم عن ثمن الكلب ومهر البغى وحلوان الكاهن(۹)**

☆لاتقرا بعض الكتب التى تربى التشاؤم والاحباط واليأس والقنوط.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ: حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے کتے کی قیمت ،فاحشہ عورت کا معاوضہ اور کاہن کی شیرینی لینے سے منع فرمادیا۔

**قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ ورسولہ حرم بیع الخمر والمیتة والخنزیر والاصنام(۱۰)**

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ اوراس کے رسول ﷺ نے خمر(شراب)مردار،خنزیر اور بتوں کی بیع (خرید وفروخت )کوحرام فرمادیا ہے۔

## بیع العربان:

بیع میں ایسی پیشگی ادائیگی (بیعانہ)جو مدت گزرنے کے بعد بائع کی ملکیت بن جائے ناجائز ہے۔مدت خیار شرعاً جائز ہے لہٰذا مزید تاوان غرر محض ہے۔

**ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن بیع العربان(۱۱)**

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع عربان سے منع فرمایا۔

## بیع الماء

پانی انسانی حیات کے لئے بنیادی ضرورت ہے لہٰذا اسلام نے اس کی فروخت کو ناجائز قرار دیا ہے۔

**عن ابن عمر قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلمون شرکاء فی ثلاث :الماء والکلاء والنار .(۱۲)**

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مسلمان تین چیزوں یعنی پانی ،جنگلی گھاس اور آگ میں برابر کے شریک ہیں۔

حضرت عثمانؓ نے یہود سے بیئر رومہ خرید کر پانی کی فروخت کا خاتمہ فرمادیا۔جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:۔

**من یشتری بئر رومہ فیوسع بھا علی المسلمین ولہ الجنة(۱۳)**

ترجمہ: جوشخص بیئر رومہ کو خریدے اور اسے مسلمانوں پر عام کردے اس کے لئے جنت ہے۔

## بے جا صرف مال اورعیش کوشی (تبذیر واسراف):

☆ [illegible] یقبل التوبة ویعفو عن عبادہ ویبدل السیئات حسنات. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ولاتبذرتبذیراان المبذرین کانوا اخوانِ الشیطن (۱۴)

ترجمہ:اور مال کوفضولیات میں نہ اڑا بیشک فضولیات میں اڑادینے والے شیطانوں کے بھائی بند ہوتے ہیں۔

کلوا واشربوا ولاتسرفوا انہ لایحب المسرفین (سورۃ اعراف:۳۲)

ترجمہ: کھاؤاور پیو لیکن اسراف سے کام نہ لو بیشک وہ (اللہ) مسرفوں کو پسند نہیں کرتا۔

## بچت اور بڑھوتری:

والذین اذا انفقوالم یسرفو اولم یقتروا وکان بین ذلک قواما (سورۃ الفرقان)

ترجمہ: (اللہ کے بندے وہ ہیں) جوخرچ کرتے ہیں تو نہ اسراف کرتے ہیں نہ بخل بلکہ ان دونوں کے درمیان اعتدال کی روش اختیار کرتے ہیں۔

کلوا واشربوا وتصدقوامن غیراسراف ولامخیلۃ (۱۵)

ترجمہ: کھاؤپیواورصدقہ کرومگراس میں اسراف یا گھمنڈ نہ ہو۔

ایاک والتنعم فان عباداللہ لیسوا بالمتنعمین (۱۶)

ترجمہ:خبردارعیش کوشی سے اجتناب کروکیونکہ اللہ کے بندے عیش کوش نہیں ہوتے۔

## گردش دولت کی ناہمواری:

ولایحسبن الذین یبخلون بمآآتھم اللہ من فضلہ ھوخیرلھم بل ھوشرلھم (آل عمران:۱۸۰)

ترجمہ:اور جولوگ اس مال میں بخل کرتے ہیں جواللہ نے انہیں اپنے فضل سے دے رکھا ہے وہ ہرگز یہ نہ سمجھیں کہ یہ ان کے حق میں اچھا ہے،نہیں بلکہ یہ ان کے حق میں برا ہے۔

والذین یکنزون الذھب والفضۃ ولاینفقونھا فی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم (توبہ:۳۴)

ترجمہ:اور جولوگ سوناچاندی جمع کرتے ہیں اوراس کواللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ان کوعذاب الٰہی کی خبردےدو۔

☆اشکر ربک علی نعمۃ الدین والعقل والعافیۃ والستر والسمع والبصر والرزق والذریۃ وغیرھا ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## لذات دنیا میں انہماک کی مذمت:

اعلموا انما الحیوۃ الدنیا لعب ولھو وزینۃ وتفاخر بینکم وتکاثر فی الاموال والاولاد (الحدید:۲۰)

ترجمہ: جان لو کہ دنیا (پرستی) کی زندگی لہو ولعب، زینت وآرائش باہمی مفاخرت اور مال ودولت کے اعتبار سے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کا نام ہے۔

## عیش کوشی کی ممانعت میں قانون کا دخل اور بچت کی ترغیب:

ان اللہ لیرعی بالسلطان مالایرعی بالقرآن (۱۷)

ترجمہ: اللہ سلطان کے ذریعہ ان امور کی نگرانی کرلیتا ہے جن کی نگرانی قرآن کے ذریعہ نہیں کرتا۔

مایزع الامام الکثر ممایزع بالقرآن (۱۸)

ترجمہ: جتنا کچھ امام (بزور قانون) درست رکھتا ہے وہ اس سے زیادہ ہے جو قرآن (ترغیب کے ذریعہ) درست رکھتا ہے۔

## قدرتی عوامل کے تحت اشیاء کی گرانی:

اصاب الناس سنۃ فقالوا یارسول اللہ سعرلنا قال لایسئلنی اللہ عن سنۃ احدثتھاعلیکم لم یامرنی بھاولکن سلوااللہ من فضلک (۱۹)

ترجمہ: لوگ قحط کے شکار ہوئے تو انہوں نے کہا اے رسول خدا! ہمارے لئے نرخ مقرر کردیجئے۔ آپ نے فرمایا نہیں اللہ مجھ سے ایسے طریقہ کے بارے میں جواب طلب کرے گا جس کا اس نے مجھے حکم نہ دیا ہو اور میں اسے اپنی طرف سے اختراع کرلوں۔ بلکہ تم اللہ سے اس کے فضل کے لئے دعا کرو۔

عن انس قال قال الناس یارسول اللہ غلاالسعر فسعرلنافقال. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ ھو المسعر القابض الباسط الرزاق وانی لارجوان القی اللہ ولیس احدمنکم یطالبنی بمظلمۃ فی دم ولامال (۲۰)

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ لوگوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! نرخ گراں ہو گئے

☆ الا تعلم ان فی الناس من فقد عقلہ اوصحتہ اوھو محبوس او مشلول او مبتلی۔ ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں لہذا آپ ہمارے لئے نرخ مقرر کردیجئے۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ ہی نرخ مقرر کرنے والا (اشیاء کی پیداوار میں) تنگی پیدا کرنے والا،فراخی پیدا کرنے والا اور رزق عطا کرنے والا ہے۔میں چاہتا ہوں کہ خدا کے حضور اس حال میں حاضر ہوں کہ تم میں سے کوئی مجھ سے کسی ظلم کا بدلہ طلب کرنے والا نہ ہو جو جان یا مال کے سلسلہ میں کیا گیا ہو۔

## احتکار کے سد باب کے لئے اسلام کا طریقہ کار:

**من احتکر یرید ان یتغالی بها علی المسلمین فهو خاطئی و قد برئت منه ذمة الله (۲۱)**

ترجمہ: جو مسلمانوں کے لئے نرخ گراں کرنے کی غرض سے ذخیرہ اندوزی کرے وہ غلط کار ہے اور اللہ اس سے بری ہے۔

**فقال معقل بن یسار سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من دخل فی شئی من اسعار المسلمین لیغلیه علیهم کان حقه علی الله تبارک وتعالی ان یقذفه فی معظم النار یوم القیامه (۲۲)**

حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص مسلمانوں کے بازار کے نرخ میں اس لئے دخل دے کہ اسے گراں کردے تو اللہ تعالی کے لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ قیامت کے دن اسے دوزخ کے زیادہ تکلیف دہ حصہ میں ڈال دے۔

## اسلام تبخیسِ اشیاء کو فساد سے تعبیر کرتا ہے:

**ولا تبخسوا الناس اشیآء هم ولا تعثوا فی الارض مفسدین (ھود ۸۵)**

ترجمہ: اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔

**من ضار ضار الله به ومن شاق شاق الله علیه (۲۳)**

ترجمہ: جو کسی دوسرے کو نقصان پہنچائے گا اس کو اللہ نقصان پہنچائے گا اور جو کسی کو تکلیف دے گا اللہ اس کو تکلیف میں مبتلا کرے گا۔

**عن عقبة بن عامر الجهنی قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول المسلم اخو المسلم ولا یحل لمسلم ان باع من اخیه بیعاً فیه عیب ان بینه له (۲۴)**

عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


سنا ہے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے اور کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ اس نے اپنے بھائی کے ہاتھ کوئی ایسی چیز فروخت کی ہو جس میں کوئی نقص ہو اور وہ اس کو اس نقص سے آگاہ نہ کردے۔

## مزدور کے دکھ کا علاج صرف اسلام کے پاس ہے:

اخوانکم خولکم جعل الله تحت ایدیکم فمن کان اخوه تحت یده فلیطعمه مما یاکل ولیلبسه ممایلبس و لاتکفوهم ممایغلبهم فان کلفتموهم فاعینهم (۲۵)

تمہارے بھائی بندی تو تمہارے (ماتحت) خادم ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے تمہارا ماتحت بنادیا ہے پھر جس کا بھائی کسی کے ماتحت ہو اسے چاہئے کہ جو خود کھاتا ہو وہی اسے کھلائے اور جو خود پہنتا ہو وہی اسے پہنائے اور ان پر اتنا کام نہ لادو کہ جو انہیں مغلوب کردے اور اگر ان پر بارڈالنا ہی پڑ جائے تو ان کے شریک حال بن کر ان کا تعاون کرو۔

## غرر تمام معاملات میں ناپسندیدہ ہے:

غش و غرر سود و قمار اور دیگر ایسی ہی صورتوں سے سرمایہ جمع کرنا بھی اسلام کی نظر میں حرام ہے۔

حدیث شریف میں ہے نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیع الغرر

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دھوکہ کی خرید وفروخت سے منع فرمایا۔

علامہ الکاسانی غرر کی تعریف کرتے ہیں: وقال الکاسانی: الغرر هو الخطر الذی استوی فیه طرف الوجود والعدم بمنزلة الشک (۲)

ترجمہ: علامہ کاسانی فرماتے ہیں غرر اس خطرے کا نام ہے جس میں وجود اور عدم کا شک مساوی حیثیت میں پائے جائیں۔

ابن عابدین نے غرر کی تعریف میں لکھا ہے:

الغرر هو الشک فی وجود المبیع (۲۷) ترجمہ: غرر فروخت شدہ چیز کے وجود میں شک کا نام ہے۔

علامہ سرخسی فرماتے ہیں:۔ الغرر مایکون مستوز العاقبة (۲۸)

ترجمہ: غرر سے مراد وہ حالت ہے جس میں انجام کا پتہ نہ ملے۔

الدسوقی فرماتے ہیں: الغرر التردد بین امرین احدهما علی الغرر و الثانی علی خلاله (۲۹)

☆ توکل علی الله، فوض الامر الیه وارض بحکمه والجاالیه واعتمد علیه فهو حسبك وكافيك. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ:غرراس تردد کو کہتے ہیں جس میں غرر کے ہونے یا نہ ہونے کا احتمال ہونے کی وجہ سے آدمی متردد ہو۔

ابن اثیر فرماتے ہیں:۔ وقد ارتضیت لنفسی تعریف ابن الاثیر :الغرر هو ما کان له ظاهر یعرفها المشتری و باطن مجهول .(۳۰)

ترجمہ:مجھے ابن اثیر کی تعریف پسند آئی ہے:یعنی غرر وہ ہے جس میں مشتری ظاہر کو تو جانتا ہو مگر باطن میں دھوکہ سے بے خبر ہو۔

## محنت کی عظمت:

وسائل پیداوار(Means of production)میں محنت (labour) کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔دنیا جانتی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو محنت کی عظمت سے آشنا کیا آپ نے فرمایا''الکاسب حبیب اللہ،،ترجمہ:کمائی کرنے والا اللہ کا پیارا ہے۔

## ایک صحابی کا واقعہ:

ایک صحابی نے کھڑے ہو کر کچھ سوال کیا،آپ نے فرمایا کیا تمہارے گھر میں کچھ ہے؟اس نے کہا جی ہاں ایک پیالہ ہے ایک چادر ہے جس کا کچھ حصہ ہم پہنتے ہیں اور کچھ بچھاتے ہیں،حضور اکرم ﷺ نے یہ چیزیں منگوا کر اعلان کیا،کون ہے جو ان دونوں چیزوں کو خریدتا ہے؟ایک صاحب بولے،میں ایک درہم میں ان چیزوں کو خریدتا ہوں،آپ نے پھر فرمایا کہ ایک درہم سے زائد کون دیتا ہے،ایک صحابی نے کہا میں دو میں خریدنے کو تیار ہوں۔آپ نے اس کو یہ دونوں چیزیں دے کر دو درہم اس شخص کو دے دیئے اور فرمایا ایک درہم کا کھانا خرید کر گھر والوں کو دیدو اور دوسرے درہم کی کلہاڑی خرید کر میرے پاس آجاؤ۔جب کلہاڑی لیکر آئے تب آپ نے دست اقدس سے ایک لکڑی چھیل کر دستہ تیار کیا اور اس میں لگا دیا،پھر فرمایا جاؤ اس سے لکڑیاں کاٹ کر فروخت کرو اور پندرہ دن کے بعد پھر میرے پاس آنا۔جب پندرہ دن کے بعد وہ صحابی آئے تو دس درہم ان کے پاس تھے،جن سے انہوں نے گھر کی چیزیں خرید لیں۔آپ نے فرمایا''یہ تمہارے لئے بھیک مانگنے سے بہتر ہے،،۔(۳۱)

افسوس!جس امت کے نبی ﷺ خلفاء اور پیشواؤں نے اپنی تمام زندگیاں عمل پیہم اور جہد مسلسل کی

☆اعف عمن ظلمك ،وصل من قطعك ،واعط من حرمك ،واحلم علی من اساء الیك ،تجد السرور والامن.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نذر کردی تھیں آج وہ امت عملی میدان میں تمام اقوام کے پیچھے ہاتھ باندھے کھڑی ہے۔ ہمارے مزدور، کاشتکار، صنعتکار، سائنس دان، اطباء جب کسی ایسے ملک میں جاتے ہیں جہاں دوسری اقوام کے ساتھ کارگردگی میں مقابلہ ہوتو وہ پیچھے رہ جاتے ہیں، اس طرح دنیا کا تاثر ان کے بارے میں تو خراب ہوگا ہی، اسلام کے بارے میں بھی اچھا نہیں رہتا کوشش کرنا حکم اور فرمان خداوندی ہے۔

**وان لیس للانسان الاماسعی...... النجم :۳۹**

ترجمہ: اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے۔

اس ایمان وایقان کے بعد انسان کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ دنیا ''دارالعمل،، ہے اس کارگہہ حیات میں، جدوجہد، اورکوشش اسلام کی اہم تعلیم ہے۔ انسان کو چاہئے کہ وہ اپنی فکری وعملی خداداد صلاحیتوں کے ساتھ میدان عمل میں کود پڑے۔ پھر نتیجہ اپنے رب پر چھوڑ دے کہ انجام کا مالک وہی ہے۔

## کسب حلال کا حکم:

اسلام نے کسب پر کچھ پابندیاں عائد کی ہیں تاکہ انسان کا کسب جانوروں کے کسب سے مختلف وممتاز ہوجائے۔ رزق کو حاصل کرتے وقت وہ صورتحال پیدا نہ ہو جو جانوروں میں رونما ہوتی ہے کہ طاقتور کمزور کو دھکا دیکر ہٹا دیتا ہے اور اس کے حصہ پر قابض ہو جاتا ہے۔ فرمان الٰہی ہے۔

**وکلوا ممارزقکم الله حللاطیباواتقوالله الذی انتم به مؤمنون (المائدہ:۸۸)**

ترجمہ: اور کھاؤ ان چیزوں میں سے جو اللہ نے تم کو بخشی ہیں حلال اور پاکیزہ اور بچے رہو اس خدا کی ناراضگی سے جس پر تم ایمان لائے ہو۔

نیز فرمایا:۔

کسی بھی مسئلہ کی اہمیت اس کی مقصدیت سے واضح ہوتی ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نظام معیشت دنیا کو عطا فرمایا ہے وہ اپنے مقصد کے اعتبار سے بہت اہم ہے۔

## نظام معیشت کے مقاصد:

اسلامی نظام معیشت کے مقاصد (objectives) کو سامنے رکھے بغیر نہ تو یہ نظام آپ کی سمجھ میں آسکتا ہے، اور نہ ہی اس نظام کی عملی تشکیل ممکن ہے۔ جب آپ کسی مکان کی تعمیر کرتے ہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو تعمیر سے پہلے اپنے ذہن میں اس مقصد کو رکھتے ہیں جس کے لئے اس مکان کی تعمیر ہو رہی ہے۔اگر آپ اس میں قدرتی ہوا سے مستفید ہونا چاہتے ہیں تو تعمیر کی ایک نوعیت ہوتی ہے ۔اور اگر آپ اس میں اے سی لگانا چاہتے ہیں تو تعمیر کی نوعیت دوسری ہوتی ہے۔اگر آفس رکھنا مقصود ہے تو اس طریقہ پر بناتے ہیں۔اور اگر دکان کھولنی ہوتی ہے تو اس کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر کرتے ہیں!اب اگر کوئی شخص دکان کی بنیادوں اور دیواروں وغیرہ کو دیکھ کر کہے کہ جناب یہ گھر تو بے کار ہے،اس میں رہائشی سہولتیں موجود نہیں ہیں۔تو آپ یہی کہیں گے کہ ہم نے اس کو رہائش کے لئے بنایا ہی نہیں ہے تو اس میں رہائشی سہولتوں کی تلاش بے سود ہے (علی ہذا القیاس )اب اسلامی نظام معیشت سے وہ توقعات وابستہ کرنا جن کے لئے یہ وضع ہی نہیں ہوا، آیا آپ ان مقاصد سے متفق ہیں یا نہیں پھر اس نظام کو نافذ کر کے دیکھیں کہ آیا اس سے وہ مقاصد پورے ہوتے ہیں یا نہیں جن کے لئے یہ وضع کیا گیا ہے۔اسلامی نظام معیشت کے بڑے مقاصد یہ ہیں:

### (الف)فطری آزادی:

انسان فطری طور پر آزاد پیدا ہوا ہے،ایک انسان دوسرے انسان کی غلامی کے لئے پیدا نہیں ہوا ہے،اللہ تعالی نے یہودیوں پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:۔

**اتخذوا احبارهم ورهبانهم ارباباً من دون الله** (التوبہ:۳۱)

ترجمہ:انہوں نے اپنے علماء اور صوفیاء کو اللہ کے سوا اپنا رب (آقا) بنا لیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے حکام کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا،

**مذكم استعبدتم الناس وقد ولدتهم امهاتهم احرارا** (۳۲) تم نے کب سے انسانوں کو غلام بنا لیا ہے جب کہ ان کی ماؤں نے انہیں آزاد پیدا کیا......

اگر آپ غور فرمائیں تو اسی فطری شخصی آزادی پر اسلامی عقیدہ سزا و جزاء کا قائم ہے۔فرمان الٰہی ہے ''**کل یعمل علی شاکلته** ...... ۳۳ نیز'' **ان لیس للانسان الاما سعی**، ،ترجمہ۔انسان کو اس کا بدلہ ملے گا جو اس نے کوشش کی ہے۔اسی قرآنی بنیاد پر اللہ کے یہاں ہر انسان سے الگ الگ اس کے اعمال کے بارے میں پوچھ گچھ ہوگی۔اجتماعی طور پر کسی پوری ملت کا حساب و کتاب نہیں ہوگا اس

☆اكثر من الاستغفار فمعه الرزق والفرج والذرية والعلم النافع والتيسير وحط الخطايا.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انفرادی جواب دہی کے لئے ضرورت ہے کہ انسان کو اپنی شخصیت کا ارتقاء خود اپنی صلاحیتوں کے مطابق کرنیکی آزادی میسر ہو،معاشی آزادی یا معاشی قید انسان کی تمام فکری وعقلی قوتوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ایک انسان جو معاشی طور پر خود کفیل نہ ہو بلکہ کسی ادارے یا حکومت کا دست نگر ہو نہ تو کوئی آزادانہ رائے رکھ سکتا ہے اور رکھتا بھی ہو تو عمل نہیں کرسکتا ہے۔اسلام نے چند بنیادی پابندیاں ضرور عائد کی ہیں مگر وہ ایسی ہیں جو خود حریت انسانی اور شخصی آزادی کو مہذب کرتی ہیں مقید نہیں کرتی ہیں۔معاشی غلامی کے بارے میں علامہ اقبالؒ نے خوب فرمایا ہے:۔

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

(جاری ہے)

# حواشی

۱۔المبسوط ۱۲ص ۱۹۴

۲۔الفروق ج ۲ص ۲۶۵

۳۔المھذب ج اص ۲۶۲

۴۔الفتاوی لابن تیمیہ ج ۲ص ۲۷۵

۵۔المحلی ج ۸ص ۲۹۲۸

۶۔بخاری ومسلم من حدیث جابر بن عبداللہ وابی سعید الخدری ،نصب الرایہ ج ۴ص ۱۲

۷۔بخاری ومسلم واحمد بحوالہ نصب الرایہ ج ۴ص ۱۳،نیل الاوطار ج ۵ص ۲۰

۸۔رواہ اصحاب الستہ نیل الاوطار ج ۵ص ۱۴۲ نصب الرایہ ج ۴ص ۵۲

۹۔صحیح البخاری: کتاب البیوع ۱۰۲،ابن ماجہ :تجارات :۱۱

۱۰۔حدیث منقطع رواہ احمد والنسائی وابوداؤد ومالک

۱۱۔ابوداؤد: السنن، ج ۲، کتاب البیوع ۶۰، احمد بن حنبل جلد ۳۶۴۵

۱۲۔مسلم باب شرب ا،ترمذی۔مناقب:۱۸

☆اقنع بصورتك وموهبتك ودخلك واهلك وبيتك تجد الراحة والسعادة.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۱۳۔ مسند ابوداؤد الطیائیسی ص ۲۵ طبع حیدرآباد احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۷

۱۴۔ بخاری، کتاب اللباس، باب اول، حدیث: ۱، ابن ماجہ لباس: ۲۳

۱۵۔ مشکوۃ، باب فضل الفقراء

۱۶۔ سراج الملوک للطرطوشی ص ۴۹

۱۷۔ احکام القرآن: قرطبی جلد ۶ ص ۳۲۵

۱۸۔ طبرانی کبیر بحوالہ کنز العمال حدیث نمبر ۴۶۳۱

۱۹۔ ابوداؤد: السنن، ج ۲، کتاب البیوع باب تسعیر

۲۰۔ مستدرک حاکم جلد ۲ ص ۱۲

۲۱۔ مسند ابوداؤد الطیالیسی ص ۲۵

۲۲۔ ترمذی: الجامع، ابواب البر والصلہ: ۲۷

۲۳۔ حاکم: مستدرک، جلد ۲، صفحہ ۸

۲۴۔ بخاری شریف: کتاب الایمان ۲۲

۲۵۔ بدائع الصنائع للکاسانی ۵: ۱۶۳ بحوالہ نظریۃ الغرر فی الشریعۃ الاسلامیۃ ص ۲/۷

۲۶۔ ابن عابدین ۵: ۶۲

۲۷۔ المبسوط للسرخسی ۱۲: ۱۹۴ بحوالہ نظریۃ الغرر ص ۲/۷

۲۸۔ الدسوقی علی الشرح الکبیر ۳: ۵۵ ایضا ص ۳/۷

۲۹۔ ابن الاثیر: البدایۃ والنھایۃ ۱: ۳۳۵:۳ بحوالہ ایضا ص ۷۵

۳۰۔ ابوداؤد جلد، اصفحہ ۲۶۰، طبع بیروت

۳۱۔ سیوطی جلال الدین: حسن المحاضرہ، جلد ۲ صفحہ ۲

۳۲۔ بنی اسرائیل: ۸۴

۳۳۔ النجم: ۴۱




© rasailojaraid.com